No. of Printed Pages : 8

BUDLA-135

B.A. GENERAL (CBCS) (BAG)
Term-End Examination
December, 2021

BUDLA-135 : STUDY OF MODERN URDU PROSE AND POETRY

Time : 3 hours *Maximum Marks : 100*

ہدایات: یہ سوال نامہ تین حصوں A, B اور C میں منقسم ہے۔ سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ سوالوں کے نمبر اُن کے سامنے درج ہیں۔

SECTION A

1. درج ذیل اشعار کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ *8*

غمِ جہاں سے جسے ہو فراغ کی خواہش
وہ اُن کے دردِ محبت سے ساز باز کرے

امیدوار ہیں ہر سمت عاشقوں کے گروہ
تری نگاہ کو اللہ دل نواز کرے

دل خون ہو چکا ہے، جگر ہو چکا ہے خاک
باقی ہوں میں، مجھے بھی کرائے تیغ زن تمام

سمجھے ہیں اہل شرق کو شاید قریبِ مرگ
مغرب کے یوں ہیں جمع یہ زاغ وزغن تمام

یا

جگ سونا ہے تیرے بغیر آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی اب بھی دنیا بستی ہے

میں جو سر سجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی یہ صدا
ترا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

تیری بندہ پروری سے میرے دن گذر رہے ہیں
نہ گلہ ہے دوستوں کا، نہ شکایتِ زمانہ

جسے صورت بتاتے ہیں پتہ دیتی ہے سیرت کا
عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

2. درج ذیل میں سے کسی دو بند کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجیے۔ *8*

(i) ابھرا تو تجلی دوڑ گئی ، ڈوبا تو فلک بے نور ہوا
اُلجھا تو سیاہی دوڑا دی ، سلجھا تو ضیا برسانے لگا

کیا کاوشِ نور و ظلمت ہے، کیا قید ہے، کیا آزادی ہے
انساں کی تڑپتی فطرت کا مفہوم سمجھ میں آنے لگا

(ii) یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں

یہ وہ سحر تو نہیں جس کی آرزو لے کر
چلے تھے یار، کہ مل جائے گی کہیں نہ کہیں

(iii) جی میں آتا ہے کہ اب عہدِ وفا بھی توڑ دوں
ان کو پا سکتا ہوں میں، یہ آسرا بھی چھوڑ دوں
ہاں مناسب ہے ، یہ زنجیرِ ہوا بھی توڑ دوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

3. درج ذیل میں سے کسی دو کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔ *8*

(i)

دیکھو وہ بڈھا آنکھوں سے اندھا اپنے گھر میں بیٹھا روتا ہے اس کا پیارا بیٹا بھیڑوں کے ریوڑ میں سے غائب ہو گیا ہے۔ وہ اس کو ڈھونڈتا ہے پر وہ نہیں ملتا مایوس ہے پر امید نہیں ٹوٹی۔ لہو بھرا دانتوں پھٹا کرتا دیکھتا ہے پر ملنے سے ناامید نہیں۔ فاقوں سے خشک ہے غم سے زار نزار ہے۔ روتے روتے آنکھیں سفید ہو گئیں ہیں۔ کوئی خوشی اس کے ساتھ نہیں ہے مگر صرف ایک امید ہے جس نے اس کو وصل کی امید میں زندہ اور اس خیال میں خوش رکھا ہے۔

(ii)

پھر کچھ دیر بعد آہستہ آہستہ قدم بڑھنے لگے۔ لیکن براہِ راست دانوں کی طرف نہیں، آڑے ترچھے ہو کر بڑھتے اور کترا کر نکل جاتے، گو یہ بات دکھائی جا رہی تھی کہ خدا نخواستہ ہم دانوں کی طرف نہیں بڑھ رہے ہیں۔

(iii)

چارپائی ہندوستان کی آب و ہوا، تمدن و معاشرت اور ضرورت و ایجاد کا آخری اور بہترین نمونہ ہے۔ ہندوستان اور ہندوستانیوں کی مانند شکستہ حال، داغدار، ڈھیلی ڈھالی، بے سر و سامان لیکن ہندوستانیوں کی طرح غالب و حکمراں کے لیے ہر قِسم کا سامانِ راحت فراہم کرنے کے لیے آمادہ رہتی ہے۔ کوچ اور صوفا کے مریض اور ڈرائنگ روم کے امیر اس راحت و عافیت کا کیا اندازہ لگا سکتے ہیں جو بانوں کی بھری چارپائی پر میسر آتی ہے۔

4. درج ذیل میں سے کسی ایک نثر نگار کے حالاتِ زندگی بیان کیجیے۔ *8*

(i) خواجہ الطاف حسین حالی

(ii) مولانا ابوالکلام آزاد

5. درج ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ *8*

(i) فراقؔ گورکھپوری

(ii) علی سردارؔ جعفری

SECTION B

6. درج ذیل میں سے 6 سوالوں کے جواب دیجیے۔ *6×5=30*

(i) سرسید احمد خاں کی 5 تصانیف اور 5 رفقاء کے نام بتائیے۔

(ii) 'الہلال' اور 'البلاغ' پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iii) پریم چند کے افسانوی مجموعوں کے نام لکھیے۔

(iv) رشید احمد صدیقی کی کتابوں کے نام بتائیے۔

(v) حالی کی تین اہم سوانح عمریوں کی نام لکھیے۔

(vi) اقبال کے شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(vii) فراق کی شاعری کے موضوعات لکھیے۔

(viii) فیض کی شاعری کے اہم موضوعات تحریر کیجیے۔

SECTION C

7. فراق کی غزلوں کی خصوصیات بتائیے۔ *10*

یا

فانی بدایونی کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجیے۔

8. فیض کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔ *10*

یا

مجاؔز کی نظموں کی خوبیاں بیان کیجیے۔

9. رشید احمد صدیقی کی مزاح نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *10*

یا

حالی کی سوانح عمریوں کی خصوصیات پر مضمون لکھیے۔